تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : تحفۃ الاسلام (تفسیر سورۃ الفاتحہ)

مؤلف : مولوی حافظ محمد اکرام الدین، تلمیذ شاہ عبدالعزیز محدث دہلویؒ

ضخامت: 56 صفحات ...... ملنے کا پتہ: خالد یوسف رنگ والا، F-12 اسٹیٹ ایونیو سائٹ کراچی

سورۃ الفاتحہ کی تفسیر پر مشتمل یہ کتابچہ مولوی حافظ محمد اکرام الدین کی تصنیف ہے جو کہ بہت بڑے عالم دین تھے اور انہیں شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی جیسے عالم اجل کے فیض صحبت کا شرف حاصل ہے۔ کتاب پرانی اردو میں لکھی ہوئی ہے تاہم آسانی سے سمجھ آتی ہے۔ شائع کرنے والے نے بھی اس کی زبان میں کوئی ردوبدل نہیں کیا بلکہ جوں کی توں شائع کر دی ہے۔ تاثیر بیان سے مصنف کا خلوص اور تدین وورع ہویدا ہے۔

کتاب میں پرانے سٹائل کو قائم رکھا گیا ہے اور ضمنی عنوانات حاشیے میں تحریر کئے گئے ہیں۔ پہلے سورۃ الفاتحہ کا شانِ نزول بیان کیا گیا ہے، پھر آیت بسم اللہ کے معانی، مطالب اور فضائل لکھے گئے ہیں۔ بعدازاں سورت کی ایک ایک آیت لے کر مؤثر انداز میں بیش قیمت تفسیری نکات بیان کئے گئے ہیں۔ الاسماء الحسنٰی الرحمٰن اور الرحیم دونوں کا مادہ ''رح م'' ہے مگر معانی میں جو لطیف فرق ہے اس کے مختلف انداز واضح کئے گئے ہیں۔ پھر رحمٰن اور رحیم کی طرف سے بندوں کو جو مصائب پہنچتے ہیں ان کا پُراز حکمت ہونا ثابت کیا ہے۔ اِیَّاکَ نَعۡبُدُ کی تفسیر میں بتاتے ہیں کہ بندہ اللہ کی عبادت کا اقرار کرتا ہے تو یہ عبادت ہمہ گیر ہے۔ انسان کا پورا وجود، بلکہ ہر ہر عضو مثلاً کان، آنکھ، ہاتھ، پاؤں، دل و دماغ سب عبدیت کا مظہر ہوں تو یہ عبادت ہے اور یہ عبادت بلاشرکت غیرے، خلوص واخلاص کے ساتھ صرف اللہ تبارک وتعالیٰ کی ہونی چاہئے۔ اسی طرح اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ کی تفسیر کو اِیَّاکَ نَعۡبُدُ کے ساتھ جوڑتے ہوئے لکھتے ہیں کہ جس طرح عبادت صرف اور صرف اللہ کے لئے ہے اسی طرح استعانت بھی